# مَدَنی مشورہ

# مرکزی مجلسِ شوریٰ دعوتِ اسلامی

31 جنوری تا یکم فروری 2016ء



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مصطفیٰ** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم: ''جو مجھ پر ایک بار دُرُود شریف پڑھتا ہے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس کے لئے ایک قِیراط اَجر لکھتا ہے اور قِیراط اُحُد پہاڑ جتنا ہے۔ (مُصَنَّف عبدالرزاق، ج۱، ص۵۱، حدیث۵۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی محمَّد

# مدنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ تا ۲۱ ربیع الآخر ۱۴۳۷ھ | عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، بابُ المدینہ (کراچی) | 31 جنوری تا یکم فروری 2016ء |

## ہمیشہ انصاف کیجئے

ہمیشہ انصاف کو پیشِ نظر رکھئے چنانچہ پارہ 14 **سُورَۃُ النَّحل** آیت نمبر 90 میں ارشاد ہوتا ہے:

**اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ** ترجمۂ کنز الایمان: بے شک اللہ حکم فرماتا ہے انصاف اور نیکی کا۔

## 3 فرامینِ مصطفیٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

(۱) انصاف کرنے والے قاضی پر قیامت کے دن ایک ساعت ایسی آئے گی کہ وہ تمنا کرے گا کہ کاش! وہ آدمیوں کے درمیان ایک کھجور کے بارے میں بھی فیصلہ نہ کرتا۔ (مجمع الزوائد، ج٤، ص ١٩٢)

(۲) جو شخص 10 آدمیوں پر بھی نگران ہو، قیامت کے دن اُسے اِس طرح لایا جائے گا کہ اُس کا ہاتھ اُس کی گردن سے بندھا ہوا ہوگا۔ اب یا تو اس کا عدل اسے چھڑائے گا یا اس کا ظُلم اسے عذاب میں مبتلا کرے گا۔ (السنن الکبریٰ للبیہقی، ج۳، ص۱۲۹)

(۳) انصاف کرنے والے نور کے مِنبروں پر ہوں گے، یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے فیصلوں، گھر والوں اور جن کے نگران بنتے ہیں، ان کے بارے میں عدل سے کام لیتے ہیں۔ (سُنن نسائی، ج٢، ص ٣٠٢)


www.dawateislami.net

﴿1﴾......ہر صورت میں انصاف کو پیشِ نظر رکھئے، جس قوم میں انصاف نہیں ہوتا، اس میں فساد بڑھ جاتا ہے۔

﴿2﴾......ذمہ داری صرف اہل کو دی جائے، کیونکہ اہل کو ذمہ داری نہ دینے سے نقصان ہوتا ہے۔

﴿3﴾......جو ذمہ داری ہمیں دی گئی ہے، اس کے تقاضے پورے کرنا، ہم پر اخلاقی اور تنظیمی طور پر لازم ہے۔

## مدَنی تربیت

﴿4﴾......اسلامی بھائیوں کی لازِماً مدنی تربیت فرمائیں، اِس کے لئے آپ کو وقت بھی دینا ہوگا۔ کسی نے کیا خوب کہا کہ **"لوگوں کی تربیت پر ایک گھنٹہ خرچ کر کے آپ اپنے کئی گھنٹے بچا سکتے ہیں"** اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں کو احسن طریقے سے سمجھاتے رہیں، اُن کی مدنی تربیّت فرماتے رہیں، اِس سلسلے میں ہرگز سُستی نہ فرمائیں۔ یقیناً مسلمان کو سمجھانا فائدہ دیتا ہے، جیسا کہ **اللہ رَبُّ الْعَالَمِین** جَلَّ جَلالُہٗ پارہ 27 سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰت کی آیت 55 میں ارشاد فرماتا ہے:

**وَّ ذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ۝۵۵** ترجمۂ کنز الایمان: اور سمجھاؤ کہ سمجھانا مسلمانوں کو فائدہ دیتا ہے۔

﴿5﴾......مدنی کام والا شعبہ ہو (جیسے 12 مدنی کام وغیرہ) یا اِدارتی (جیسے جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ وغیرہ) ہر شعبے میں مدنی تربیت کا منظّم نظام بنایا جائے۔

﴿6﴾......جو اسلامی بھائی تربیت یافتہ ہوں، ان کو بڑی ذمہ داریاں دی جائیں۔

﴿7﴾......امیرِ قافلہ بننے والے اسلامی بھائیوں کی بار بار مدنی تربیت ہونی چاہئے، کیونکہ یہ باعمل اور باکردار ہوں گے تو ہمارے مدنی قافلے مضبوط ہوں گے اور شرکائے مدنی قافلہ باعمل بنیں گے۔ ان شاء اللہ عزوجل

﴿8﴾......معلمینِ کورسز کی بھی مدنی تربیت کا باقاعدہ نظام بنایا جائے۔

﴿9﴾......تربیت سے طبیعت بنتی ہے، اچھی صحبت سے مزاج میں بھی تبدیلی آجاتی ہے۔

## اپنے اخلاق میں بہتری لائیے

ہمارے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اخلاقِ کریمہ کی تعریف وتوصیف کرتے ہوئے قرآنِ پاک، پارہ 29 سُوْرَۃُ قَلَم آیت نمبر 4 میں ارشاد ہوتا ہے:

**وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ۝۴** ترجمۂ کنز الایمان: اور بے شک تمہاری خُو بُو (خُلق) بڑی شان کی ہے

اس آیتِ مبارکہ کے تحت تفسیر **"خزائن العرفان"** میں ہے کہ اُمُّ الْمُؤْمِنِیْن حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ


www.dawateislami.net

صِدّیقہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا گیا تو آپ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ''سَیِّدِ دو عَالَم، نُورِ مُجَسّم، سَرَاپَا جُود و کَرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا خُلُق قرآن ہے۔''

تیرے خُلق کو حق نے عظیم کہا　تری خِلق کو حق نے جمیل کیا

کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا　تیرے خالقِ حُسن واَدا کی قسم

(حدائقِ بخشش)

اِس قدر اعلیٰ ترین اَخلاق کے مالک ہونے کے باوجود سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ دُعا فرمایا کرتے۔ اَللّٰھُمَّ أَحسَنتَ خَلْقِیْ فَأَحسِنْ خُلُقِیْ **ترجمہ**: اے اللّٰہ عَزَّوَجَلّ! تُو نے میری صُورت تو اچھی بنائی ہے میرے اَخلاق بھی اچھے کردے۔ (المسند لامام احمد بن حنبل، مسند عبداللہ بن مسعود، الحدیث ۳۸۲۳، ج۲، ص٦٦)

# اخلاقِ حَسَنہ

**اللّٰہ** تبارک وتعالیٰ قرآنِ کریم میں اپنے محبوب، دانائے غیوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اُن اَخلاقِ حسنہ کا بیان فرماتا ہے کہ جن کی بدولت خصوصیت کے ساتھ صحابۂ کرام علیہم الرضوان، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے قریب رہنا اور اِرشاداتِ عالیہ پر عمل کرنا پسند کرتے تھے، چنانچہ پارہ 4 سُوْرَۂ اٰلِ عمران آیت نمبر 159 میں ارشاد ہوتا ہے:

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ

ترجمۂ کنز الایمان: تو کیسی کچھ اللہ کی مہربانی ہے کہ اے محبوب تم ان کے لئے نرم دل ہوئے اور اگر تند مزاج سخت دل ہوتے تو وہ ضرور تمہارے گرد سے پریشان ہوجاتے۔

اس آیتِ کریمہ سے اندازہ لگایئے کہ اگر ہم اسلامی بھائیوں کے ساتھ بدسُلُوکی و بداَخْلاقی، بات بات پر ان کی تَضحِیک وتَذْلیل (ہنسی مذاق، ذلیل ورُسوا) کریں، نہ مشورہ لیں اور نہ ہی حوصلہ افزائی کریں، تو ماتحت اسلامی بھائی کس طرح مدنی کاموں کو ذوق وشوق کے ساتھ کرسکیں گے۔


www.dawateislami.net

دُشمنوں کی آنکھ میں بھی پُھول تم
دوستوں کی بھی نظر میں خار ہم

(حدائقِ بخشش)

## حُسنِ اَخلاق کے بارے میں فرامینِ مُصطفٰی

﴿10﴾......اللہ تعالیٰ نے مجھے مَکارِمِ اَخلاق ومحاسنِ اَفعال کی تکمیل کے لئے مبعوث فرمایا ہے۔(المعجم الاوسط، الحدیث ٦٨٩٥، ج٥، ص١٥٣)

﴿11﴾......کیا میں تُمہیں آسان ترین اور جِسْم کے لئے ہلکی پھلکی عِبادت نہ بتاؤں؟ وہ ہے **''خاموشی اور حُسْنِ خُلُق۔''** ( الصمت لابن ابی دنیا،الحدیث ٢٧، ج٧، ص٤٧ )

﴿12﴾......سرکار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں عرض کی گئی کہ یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بندوں میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ ارشاد فرمایا **''جو اَخلاق میں سب سے اچھے ہوں''۔**

(صحیح ابن حبان،الحدیث ٤٨٦، ج١، ص٣٥٢)

﴿13﴾......رحمتِ عالم، نبی مُکرّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم یہ دُعا فرمایا کرتے۔ **''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ سُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ** ترجمہ: اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ میں تیری پناہ مانگتا ہوں، **مُنافرت** (لوگوں سے نفرت کرنا)، **مُنافقت سے اور بُرے اخلاق سے۔''** (سنن ابی داؤد کتاب الوتر،باب فی الاستعاذۃ، الحدیث ١٥٤٦، ج٢، ص١٣٠)

﴿14﴾ **''اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ** یعنی نیکی، **حُسنِ اَخلاق کا نام ہے۔''**(صحیح مسلم،کتاب البر والصلۃ والادب،باب تفسیر البر والاثم،الحدیث ٢٥٥٣،ص١٣٨٢)

## دائمُ الفکر ہونے کے باوجود مُسکراہٹ

﴿15﴾ ہمارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم دائمُ الفکر (ہمیشہ فکرمند) ہونے کے باوجود مسکرایا کرتے تھے۔ (ماخوذ از الشمائل المحمدیۃ للترمذی، ص١٣٦، حدیث:٢١٧، شعب الایمان، ٢/١٥٤، حدیث:١٤٣٠)


www.dawateislami.net

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اُس تبسّم کی عادت پہ لاکھوں سلام (حدائقِ بخشش)

## عِیادت کاایک انداز

﴿16﴾ ہمارے پیارے آقا،حبیبِ کبریا،مکی مدنی مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم "کسی کی آنکھ میں بھی کوئی چیز دیکھتے ،تو اس کے بارے میں دریافت فرماتے"،کسی کو کوئی معمولی زخم وغیرہ ہوجائے تو تیمارداری کرنی چاہیئے ۔ چنانچہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبیِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے میری آنکھ کے درد میں بیمار پُرسی کی ۔ (ابوداود،۲۵۰/۳،حدیث:۲۵۰)مفسرِ شہیر حکیمُ الامت ،مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس کی شرح میں فرماتے ہیں:اس سے معلوم ہوا کہ معمولی بیماری میں بھی بیمار پُرسی کرنا سُنّت ہے، جیسے آنکھ یا کان یا داڑھ کا درد کہ یہ اگرچہ خطرناک نہیں ،مگر بیماری تو ہیں ۔جن فقہاء نے فرمایا کہ ان بیماریوں میں عیادت سنت نہیں، ان کا مطلب ہے سنّتِ مؤکدہ نہیں ۔(مِراٰۃُ المناجیح،۴۱۵/۲)

## رَوِیّے میں تبدیلی لائیے

﴿17﴾......اپنے رَویے اور انداز پر غور کرتے رہنا چاہیئے ،ایسا انداز اختیار نہ کریں، جسے بداخلاقی یا رُوکھا پن سمجھا جائے۔

﴿18﴾......جارحانہ انداز، بے موقع و لمبی گفتگو، مدنی مشورے میں تاخیر سے آنا اور وقت پر ختم نہ کرنا ،ای میلز،فون کالز،ایس ایم ایس، واٹس ایپ وغیرہ کا رپلائی نہ کرنا،غم خواری وعیادت کی ترکیب نہ کرنا، جھاڑنے اور غصّے کا معمول ذمہ داران کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔

﴿19﴾......نرمی سے ہی سختی کا علاج ہوسکتا ہے۔

﴿20﴾......کسی بھی نگران کے لیے ضروری ہے کہ وہ وقت دینے والا ،نرمی کرنے والا اور شفقت کرنے والا ہو۔

﴿21﴾......کسی سے ملاقات کے وقت ،طبیعت نہ بھی چاہ رہی ہو،بتکلّف مسکرانا چاہیئے۔

﴿22﴾......جب عام اسلامی بھائیوں میں جائیں تو فون کا استعمال حتی الامکان کم سے کم کریں ،تاکہ تأثر قائم نہ ہو کہ آپ بہت مصروف ہیں۔


www.dawateislami.net

﴾23﴿......حسبِ موقع مسکرانے سے پریشانی بڑھتی نہیں، کم ہوتی ہے۔

﴾24﴿......غم خواری اور دِلجوئی سے کئی مسائل حل ہوسکتے ہیں۔

﴾25﴿......مبلغ(نیکی کی دعوت دینے والے) کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہشّاش بشّاش رہے اور مسلمانوں کو کثرت سے سلام کرے۔

﴾26﴿......کامیاب مبلغ بننے کے لیے معاشرتی ادب وآداب (Social Manners) کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

## مدنی مشورے سے قبل اچھی نیّتیں

﴾27﴿......مدنی مشورہ کرتے ہوئے یہ نیت بھی کروایا کریں کہ اللہ تعالیٰ کی رِضا، اسلام وسُنّیت کی خدمت اور وقت کی پابندی کرتے ہوئے اوّل تا آخر مدنی مشورے میں شرکت کروں گا۔

## 12روزہ مدنی کورس

﴾28﴿......12روزہ مدنی کورس میں اخلاقی اور تنظیمی تربیت ہوتی ہے۔

## حفاظتی اُمور کے بارے میں مدنی تربیت

﴾29﴿...... رکنِ شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری اور رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری بذریعہ لِنک، مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ)، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ اور کورسز وغیرہ میں حفاظتی امور کے بارے میں مجلس حفاظتی امور کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت فرمائیں گے نیز اس مدنی مشورے میں ان شعبہ جات کے مخصوص ذمہ داران بھی شریک ہوں گے۔ان شاءاللہ عزوجل

﴾30﴿......مجلس حفاظتی امور، مجلس نشرواشاعت اور مجلسِ رابطہ سے مضبوط تر کی جائے۔

## متفرق مدنی پھول

﴾31﴿......جن جن شعبہ جات کی ضرورت درپیش ہوتی رہے گی،، مرکزی مجلس شوریٰ اس کے بارے میں غور وفکر اور لائحہ عمل طے کرے گی۔ان شاءاللہ عزوجل

﴾32﴿......دعوتِ اسلامی منبرومحراب کو مضبوط کرنا چاہتی ہے۔ایک باعمل اور متحرک امام علاقے میں مدنی انقلاب برپا کرسکتا ہے۔

﴾33﴿......جس چیز کا ذکر ختم ہوجائے، تو وہ دلوں سے بھی معدوم ہوجاتی ہے۔


www.dawateislami.net

﴾34﴿......بالخصوص ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں کی ترقی کے لیے، اراکینِ شوریٰ کو مختص کیا جائے گا جو ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں کی مضبوطی کے لیے ترکیب کریں گے۔

## نئی ترکیب

﴾35﴿......حادثاتی معاملات کو بحُسن وخوبی سرانجام دینے کے لیے ''**مجلس**'' کا قیام عمل میں لایا گیا، جس کی ذِمہ داری رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کو دی گئی، اس میں مجلسِ رابطہ، مجلسِ نشرواشاعت اور مجلس حفاظتی اُمور کے ذمہ داران شامل ہوں گے۔

﴾36﴿......مجلس وقف املاک، مجلس اثاثہ جات کی ذمہ داری رکنِ شوریٰ، حاجی محمد عقیل عطاری مدنی اور مجلس خدام المساجد، مجلس تعمیرات کی ذمہ داری رکنِ شوریٰ سید محمد لقمان باپو کو دیتے ہوئے رکنِ شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری کو ان کا نگران بنایا گیا۔ حاجی عبدالحبیب عطاری اس شعبے کا 4 ماہ تک ہر ماہ 2,2 مدنی مشورے کریں گے اور فوری حل طلب مسائل کو باہمی مشاورت سے حل کریں گے۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴾37﴿......ہجویری کابینات (مرکزالاولیاء لاہور) کے نگرانِ کابینات، رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری ہوں گے۔

﴾38﴿......رکنِ شوریٰ حاجی منصور رضا عطاری کو ''مدنی انعامات'' اور رکنِ شوریٰ حاجی فضیل رضا عطاری کو ''مجلس کورسز'' (12 روزہ مدنی کورس، 41 روزہ مدنی انعامات ومدنی قافلہ کورس، 63 روزہ مدنی تربیتی کورس اور فیضانِ نماز کورس) کی ذمہ داری دی گئی۔

﴾39﴿......شادی بیاہ اور دِیگر تقریبات میں کھانا بچ جانے کی صورت میں بچے ہوئے کھانے کو دُرست مصرف میں اِستعمال کی کوشش کرنے کے لیے ''**مجلس برائے تحفظِ رِزق** (دعوتِ اسلامی)'' بنائی گئی، جس کی ذِمہ داری رکنِ شوریٰ حاجی محمد امین عطاری کو دی گئی۔

﴾40﴿......مدنی مشورے میں بیان کی گئی اہم مساجد کے ائمہ کی تیاری کی ذِمہ داری، باب المدینہ کے محمد بغداد عطاری (سابقہ نگرانِ مجلس مدرسۃ المدینہ پاکستان) کو دی گئی۔

﴾41﴿......باب المدینہ میں ''**تَخَصُّص فِی الْفِقه**'' شروع کرنے کی ذمہ داری، رکنِ شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری کو دی گئی۔


www.dawateislami.net

﴿42﴾......نگران و اراکینِ شوریٰ کی مُدّتِ خدمت **5 سال** اورنگرانِ کابینات،نگرانِ کابینہ و شعبہ جات ذِمہ داران (پاکستان)اورتمام دعوتِ اسلامی والےاوروالیوں کی مُدّتِ خدمت **2 سال** طے ہوئی۔(کسی شرعی وتنظیمی حکمتِ عملی کے سبب،اس سے قبل بھی تنظیمی ذِمہ داری میں تبدیلی ہوسکتی ہے)

## جانشینِ امیرِ اہلسنّت

﴿43﴾......**بڑی گیارہویں شریف**(١١ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ)کے مدنی مذاکرے میں،بانیِ دعوتِ اسلامی،شیخِ طریقت،امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطارقادِری،رضوی،ضیائی دامت برکاتہم العالیہ نے اپنے بڑے شہزادے ''حضرت مولانا ابواُسید **حاجی عُبید رضا عطاری مدنی** سلمہ الغنی'' کواپنا **جانشین** مقررفرمایا۔

## مرکزی مجلسِ شوریٰ،امیرِ اہلسنّت کی نظر میں

(**بڑی گیارہویں شریف**(١١ ربیع الاخر ١٤٣٧ھ)کے مدنی مذاکرے میں امیرِ اہلسنّت نے مرکزی مجلسِ شوریٰ کے بارے میں جوکچھ فرمایا،اُس کا خلاصہ)

''دعوتِ اسلامی کا مدنی کام مرکزی مجلسِ شوریٰ ہی کررہی ہے،میں ان کے مدنی کاموں سے بہت زیادہ خوش ہوں،ماشاءاللہ(عزوجل)انہوں نے اپنی زِندگیاں وقف کی ہوئی ہیں،دُنیا کے مختلف ممالک میں جاجا کر مدنی کام کرتے ہیں،دنیا میں جہاں بھیجو چلے جاتے ہیں،مدنی کاموں کی دُھومیں مچارہے ہیں،ان کے دَم قدم سے ماشاءاللہ(عزوجل)چاروں طرف مدنی بہاریں ہیں،اللہ عزوجل میرے ہر رکنِ شوریٰ کوسلامت رکھے اور میری اولاد کو بھی سلامت رکھے،میرے مبلغین کوبھی سلامت رکھے،ہر دعوتِ اسلامی والےاوروالی کی خیر ہو''۔

﴿44﴾......بیرونِ ملک میں جن مقامات پر دُور دُور گھر ہونے کی وجہ سے اسلامی بہنیں (مدرسۃ المدینہ بالغات پڑھنے والیاں)ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتیں،وہاں وہیں کی مُدرِّسہ(جوناظرہ ٹیسٹ میں کامیاب ہوچکی ہوں)مجلس مدرسۃ المدینہ برائے بالغات کی اجازت سے انٹرنیٹ کے ذریعے فی سبیل اللہ،مدرسۃ المدینہ بالغات(آن لائن)کی ترکیب بناسکتی ہیں۔

﴿45﴾......مدنی مرکز''فیضانِ مدینہ''کے محراب میں ایسی ٹائلز لگائی جاسکتی ہیں،جن پر یہ تحریر ہو:

یااللہ عَزَّوَجَل ''بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم ،یَارَسُوۡلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

لَآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہ

## رابطے بڑھائیے

﴾46﴿......نگرانِ کابینہ وکابینات،مجلسِ رابطہ کے ذِمہ داران کا مدنی مشورہ کریں اور کونسلرز سے رابطوں کو مضبوط کریں۔

﴾47﴿......اراکینِ شوریٰ،علما ومشائخِ اہلِ سنت سے رابطے میں رہیں،کیونکہ اس کے کئی فوائد ہیں۔

## مجلس فیضانِ مدینہ

﴾48﴿......مجلس فیضانِ مدینہ کوشش کرے کہ دعوتِ اسلامی کے تمام مدنی مراکز ایک جیسے ہوں۔جیسا گنبد عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) میں ہے،دارالافتاء اہلسنّت سے شرعی رہنمائی کے بعد مدنی مراکز میں ایسے گنبد کی ترکیب بنائی جائے۔آئندہ بننے والے مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) کا نقشہ بھی ایک سا ہونا چاہئے کہ دیکھنے والا فوراً پہچان جائے کہ یہ دعوتِ اسلامی کا مدنی مرکز ہے۔

## مختلف زبان والوں میں مدنی کام

﴾49﴿......اراکینِ شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری،حاجی بلال رضا عطاری اور حاجی محمد امین قافلہ عطاری کا مدنی مشورہ ہوگا،جس میں 12 ماہ سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں کو مختلف زبانیں سکھانے اور انہیں مختلف ممالک میں روانہ کرنے کے مدنی پھول طے کئے جائیں گے۔ **ہدف:26 دن**

## مجلس مدنی مذاکرہ

﴾50﴿......شعبہ جات کے مدنی مذاکروں میں متعلقہ نگرانِ مجلس (پاکستان) مدنی مذاکرے سے کم وبیش 30 دن قبل عوامی سوالات تیار کرکے "مجلس مدنی مذاکرہ" کو اس ای میل ایڈریس (madanimuzakra@dawateislami.net) پر میل کریں۔(متعلقہ رکنِ شوریٰ کی مشاورت واجازت سے بیرونِ ملک کے شعبہ جات کے ذِمہ داران کے سوالات بھی شامل کیے جاسکتے ہیں) مدنی مذاکرے میں "سُوالات" کیسے ہونے چاہئیں؟ رکنِ شوریٰ حاجی عماد عطاری مدنی،پاکستان اِنتظامی کابینہ مکتب سے ذِمہ داران کو میل کروائیں گے۔ **ہدف:12 دن**

﴾51﴿......جس شعبے کا مدنی مذاکرہ ہوگا،مدنی مذاکرے سے کم از کم دو ہفتے قبل رُکنِ شوریٰ،نگرانِ عطاری کابینات حاجی امین عطاری اس شعبے کا مدنی مشورہ کریں گے،جس میں اس شعبے کے عطاری کابینات (باب المدینہ) کے ذِمہ داران شریک ہوں اور جہاں OB Van کا جدول ہو،وہاں کے نگرانِ کابینات اسی طرح مدنی مشورہ کریں۔


www.dawateislami.net

﴾52﴿......مدنی مذاکرہ ہوجانے کے بعد یہ شعبہ اپنی کارکردگی مجلس مدنی مذاکرہ کو دینے کا پابند ہے۔

﴾53﴿......مدنی مذاکرے کے بعد اگلے دِن شعبے کے نگرانِ مجلس (پاکستان)،اس کی مکمل کارکردگی ، پاکستان اِنتظامی کابینہ مکتب میں میل کریں۔

﴾54﴿......جن شعبہ جات میں نگرانِ شوریٰ کے بیانات کی ترکیب ہوتی ہے،ان اجتماعات کی پیشگی تیاری وکارکردگی بھی اِسی انداز سے ترکیب کی جائے۔

## نگرانوں کی معاونت

﴾55﴿......جس شعبے کے مدنی کاموں میں مشاورتوں کے نگرانوں کی معاونت نہیں ہوگی،ان شعبوں کی کَمَا حَقُّہٗ ترقی نہیں ہوسکے گی،شعبے والے بھی مشاورتوں کے نگرانوں سے رابطے میں رہیں۔

## تحریری مواد چیک کروائیے

﴾56﴿......کوئی بھی تحریری مواد،چاہے انٹرنیٹ،سوشل میڈیا کے ذریعے عام کرنا ہویا اس کا بینر شائع کروانا ہو،ہر شعبے کے لیے لازم ہے کہ اس کی شرعی تفتیش کے لیے،مجلس المدینۃ العلمیہ کے اس ای میل ایڈریس ''ilmia@dawateislami.net'' پر مواد میل کردیجئے،شرعی تفتیش کے بعد جو ریپلائی ملے،مِنْ وعَنْ ( As it is) اُسی کو پرنٹ کروایا جائے،ازخود تبدیلی کی اِجازت نہیں۔

## مرکزی مجلس شوریٰ کے مدنی مشورے

﴾57﴿......مرکزی مجلس شوریٰ کے مدنی مشوروں کے بارے میں طے ہوا کہ 12 ماہ میں 4 مدنی مشورے ہوا کریں گے۔

﴾58﴿......یہ مدنی مشورے بروز ہفتہ دوپہر 02:00 بجے شروع ہوا کریں گے۔ان شاءاللہ عزوجل

﴾59﴿......تمام نگرانِ کابینہ اور پاکستان سطح کے شعبہ جات کے ذِمہ داران 12 ماہ میں 2 باران مدنی مشوروں میں شرکت کریں گے۔ان شاءاللہ عزوجل

**مرکزی مجلسِ شُوریٰ کے آیندہ مدنی مشوروں کا جدول** اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ


www.dawateislami.net

(۱۴۳۷ھ،2016ء)

| مدنی مشورہ | شرکاء | تاریخ ہجری | تاریخ عیسوی | دن | وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| مرکزی مجلسِ شوریٰ | اراکینِ شوریٰ | ۱ رجب | 9اپریل | ہفتہ | دن 02:00 بجے تا رات وقتِ مناسب |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات،نگرانِ کابینہ،شعبہ جات پاک ذِمہ داران | ۲ رجب | 10اپریل | اتوار | // |
| // | // | ۳ رجب | 11اپریل | پیر | // |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات | ٤ رجب | 12اپریل | منگل | // |
| مجلس بیرونِ ملک | ممالک ذِمہ داران وشعبہ جات ذِمہ داران | // | // | // | // |
| عالمی مجلسِ مشاورت | عالمی مجلسِ مشاورت | ۵ رجب | 13اپریل | بدھ | صبح 10:00 تا 1:00 |

(۱۴۳۷ھ،2016ء)

| مدنی مشورہ | شرکاء | تاریخ ہجری | تاریخ عیسوی | دن | وقت |
|---|---|---|---|---|---|
| مرکزی مجلسِ شوریٰ | اراکینِ شوریٰ | ۲ ذِیقعدہ | 6اگست | ہفتہ | دن 02:00 بجے تا رات وقتِ مناسب |
| // | // | ۳ ذِیقعدہ | 7اگست | اِتوار | // |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات | ٤ ذِیقعدہ | 8اگست | پیر | // |
| عالمی مجلسِ مشاورت | عالمی مجلسِ مشاورت | ۵ ذِیقعدہ | 9اگست | منگل | صبح 10:00 تا 1:00 |

(۱۴۳۸ھ،2016ء)

| مدنی مشورہ | شرکاء | تاریخ ہجری | تاریخ عیسوی | دن | وقت |
|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مرکزی مجلسِ شوریٰ | اراکینِ شوریٰ | ۲۰ محرم | 22 اکتوبر | ہفتہ | دن 02:00 بجے تا رات وقتِ مناسب |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات، نگرانِ کابینہ، شعبہ جات پاک ذِمّہ داران | ۲۱ محرم | 23 اکتوبر | اتوار | // |
| // | // | ۲۲ محرم | 24 اکتوبر | پیر | // |
| پاکستان انتظامی کابینہ | نگرانِ کابینات | ۲۳ محرم | 25 اکتوبر | منگل | // |
| مجلس بیرونِ ملک | ممالک ذِمّہ داران و شعبہ جات ذِمّہ داران | // | // | // | // |
| عالمی مجلسِ مشاورت | عالمی مجلسِ مشاورت | ۲٤ محرم | 26 اکتوبر | بدھ | صبح 10:00 تا 1:00 |

## مدنی اِلتجاء

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ** کئی برسوں سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی **مجلسِ شوریٰ** کے مدنی مشورے وقتاً فوقتاً کئی کئی دِنوں تک دعوتِ اسلامی کے **عالمی مدنی مرکز** فیضانِ مدینہ، مَدِیْنَۃُ الْمُرشِد، **بابُ المدینہ** (کراچی) میں جاری رہتے ہیں، **باہمی مشاورت** سے جو طے ہوتا ہے، اِس کو مختصراً تحریر کرلیا جاتا اور ضرورتاً ترمیم وتخریج کے ساتھ **ذِمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی** کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ **اِن مدنی پھولوں** سے بھرپور فائدہ اُٹھا کر نہ صرف اپنے مُلکوں، ڈویژنوں، شہروں اور شعبوں میں **نافذ** کریں بلکہ اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازیں۔ **برائے کرم!** اِن مدنی پھولوں کو **7 دِن** کے اندر اندر **مُتَعلِّقہ ذِمّہ داران** تک پہنچا کر تصدیق وتوثیق (Confirmation) لیں اور اپنے **نگران کو بھی مطلع کریں**۔

**اللہ تَعَالٰی** ہم سب کو امیرِ اہلِ سُنّت دَامَت بَرَکَاتُہُم العالیہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی پر اِخلاص وعافیّت کیساتھ اِستقامت نصیب فرمائے۔ **اٰمِین بِجاہِ النَّبِیِّ الْاَمین** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

**تاریخِ اجراء:** یکم جُمادَی الاولٰی ١٤٣٧ھ، 11 فروری 2016ء